RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۱	مطبوعہ روز دو شنبہ تاریخ یکم جنوری ۱۸۹۴ع مطابق ۲۲ جمادی الآخری سنہ ۱۳۱۱ھ	جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر شمار	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل	
۱	رخصت منشی علی رضا خان تحصیلدار سوار —	۱
۲	جو احکام منشی محمد عبد السلام خان ... بابت شادی جاری کرین اوسکی تعمیل جلد ہوا کرے —	۲
۳	بابت ... جانے لائسنس ایک بندوق بنام فاخر حسین گرداور قانونگوے —	۲
	احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۴	ممانعت بابت لینے لائسنس اپیل کے —	۲
۵	رخصت مولوی محمد حفیظ اللہ خان منصرم عدالت ججی —	۳
۶	تبادلہ حکیم محمد یوسف خان —	۳
۷	مستعفی الاکمشنر ... —	۳
۸	تعیناتی ... بہ محرری نالش خانہ وجانب جنانہ —	۳
۱	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ قصبہ شاہ آباد و تحصیل ٹانڈہ —	ضمیمہ
۱۸۷۱	نقشہ ... —	

حکم اجلاس کامل واقع ۱۸ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ع

درخواست رخصت منشی علی رضا خان تحصیلدار سوار من ابتداء ۲۰ دسمبر سنہ ۹۳ لغایت ۲۰ جنوری واسطے جانے بمبئی کے کونسل مین پیش ہوکر تجویز ہوا اگر کام کا ہرج نہو تو صاحب ریونیو ممبر بہادر بندوبست مناسب کردین مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو —

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

علی رضا خان کی رخصت منظور ہے بلا وضع تنخواہ — پیشکار کام کرین —

احکام جاری ہون — ۲۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ع

اجلاس کامل واقع ۱۸ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

مثل درخواست منشی محمد عبد السلام خانصاحب
دربارہ اجرای احکام گشتی نسبت تعمیل احکام متعلق
شادی حضور پر نور

کونسل مین پیش ہو کر تجویز ہوا کہ منشی محمد عبد السلام خانصاحب بہادر نے انتظامات شادی ہز ہائنس نواب صاحب بہادر جو احکام جاری کئے ہین اوسکی تعمیل نہایت سرگرمی و شتابی سے جلد ہونا چاہئے محکمہ جات و سررشتہ جات و کارخانجات کو اطلاع دیجاوے۔ ایک نقل خدمت مین صاحب سکرٹری بہادر جوڈیشل ممبر صاحب بہادر و ریونیو ممبر صاحب بہادر مرسل ہو اور ایک ایک نقل پولیس و تحصیل کو مرسل ہو اور ایک نقل بغرض اطلاع عام درج گزٹ ہو اور ایک نقل خدمت مین منشی محمد عبد السلام خانصاحب بہادر کے بھیجی جاوے۔ اصل مثل باجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

حکم اجلاس کامل واقع ۱۸ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

مقدمہ دیئے جانے لیسنس انوار حسین گرداور قانونگو کو

درخواست منشی انوار حسین گرداور قانونگوے حضور تحصیل مصدقہ تحصیلدار حضور تحصیل بدرخواست عطای لیسنس ایک بندوق کونسل مین پیش ہو کر تجویز ہوا کہ تحصیلدار نیک چلنی سائل کی ظاہر کرتے ہین لہذا لیسنس ایک بندوق کا حسب ضابطہ دیا جاوے مثل باجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر

حسب تجویز کونسل ایک لیسنس بندوق کا منشی انوار حسین گرداور قانونگو کو

حضور تحصیل کو حسب ضابطہ دار الانشا سے باخذ فیس معمولی دیا جاوے۔ احکام ضابطہ جاری ہون اور نقل روبکار ہذا بنابر اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ ۲۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

مثبتہ رپورٹ عدالت سیر منصفی حضور تحصیل متعلقہ عدالت خفیفہ

یہ کارروائی خلاف منشاء حکم نامناسب ہے آیندہ کیواسطے سیر منصفی حضور تحصیل نائب پیشکار کو بخوبی ہدایت کردین اور یہ رپورٹ مع اس حکم کے بغرض اعلان مطبع کو بھیجا جاوے کہ درج گزٹ کیا جاوے تاکہ اور عدالتون مین اگر یہ طریقہ جاری ہو تو بند کیا جاوے۔

رپورٹ عدالت سیر منصفی حضور تحصیل متعلقہ عدالت خفیفہ واقع ۲۱ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

جناب عالی

حسب صدور رپورٹ اہلمد و نقشہ نویس صاحب صدر مثل متعلقہ کا معاینہ کیا گیا واضح ہوا کہ نسبت لینے فیس اقبال کے حکم لکھا ہوا آیا ہے پیشکار عدالت کا لکھا ہے لہذا اوس سے کیفیت طلب کی گئی نامبردہ نے اپنی کیفیت مین ظاہر کیا کہ گزٹ جسمین نسبت لینے فیس اقبال کے ممانعت ہے میری نگاہ سے نہین گذرا اوسپر آیندہ جملہ اہلکاران عدالت کو بخوبی فہمایش نسبت نہ لینے فیس اقبال کر دی گئی لہذا کاغذات متعلقہ بذریعہ یادداشت ہذا بغرض صدور حکم ارسال اجلاس ہین۔

احکام صاحب جوڈیشل ممبر بہادر

رخصت

۲۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

حسب درخواست مولوی محمد حفیظ اللہ خان منصرم عدالت بجی رخصت یک ماہ از ۳۰ دسمبر سنہ حال لغایت ۳۰ جنوری ۱۸۹۴ء منظور ہوئی۔

تبادلہ

۲۳ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

حسب ملاحظہ رپورٹ معاینہ صدر منصرم شفاخانہ یونانی حکیم محمد یوسف خان یونانی شفاخانہ بلاسپور سے شفاخانہ سوار کو بجائے حکیم درویش احمد تبدیل کیے گئے اور حکیم درویش احمد بجائے حکیم یوسف خان شفاخانہ بلاسپور مین تبدیل ہوے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

مستقلی

۲۴ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

حسب پیشی مرتضیٰ لالہ کیشور دیال قائم مقام اہلمد حضور تحصیل مع رپورٹ تحصیلدار حضور تحصیل حسب تجویز صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر بجائے رام نرائن اہلمد حضور تحصیل لالہ کیشور دیال مستقل اہلمد کیا گیا۔ ایام قائم مقامی مین کام کا بھی اندازہ ہو گیا۔

تبادلہ

۲۹ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء

سے محمد جان جو پہلے اہل صنائع مین تہا اور اب بجاری اجلاس مین تعینات ہے نمایش خانہ و عجائب خانہ کی محرری پر بجائے حافظ اسد علیخان کے تعینات کیا گیا جو تنخواہ ہو وقت پاتا ہے آیندہ بھی نمایش خانہ کی مد سے وہی تنخواہ پاویگا اور یکم جنوری ۱۸۹۴ء سے اسکا عملدرآمد ہوگا۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور مین چہپکر شائع ہوا

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۳ دسمبر ۱۸۹۳ء

ہر ایک نمبر کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ [illegible] کو بھیجی جاوے اور اصل بنا بر تعمیل واپس۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ تحصیل شاہ آباد بابت ماہ نومبر ۱۸۹۳ء

منشی محمد شیر زمان خانصاحب تحصیلدار صدر نشین

غلام رسول خانصاحب نائب تحصیلدار سکرٹری

اسماء شرکاء جلسہ

ملازمین	غیر ملازمین
اندری پرشاد محرر صفائی۔	محمد امیر علیخانصاحب ممبر۔ حکیم گنگا پرشاد صاحب ممبر۔

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) صاحب گذرانے عرضی سندر نجار سکنہ شاہ آباد بشکایت تیجو نجار نسبت نکالنے پرنالہ جدید بمکان خود۔ محمد امیر علیخانصاحب ممبر کمیٹی کو موقع پر بھیجا گیا اور رپورٹ انکی کمیٹی میں پیش کیگئی۔	چونکہ رپورٹ امیر علیخان ممبر سے واضح ہے کہ تحقیقات اہل محلہ سے پرنالہ جدید پایا جاتا ہے اور قدیم سے پانی مکان تیجو کا بدر رو دروازہ آمد و رفت سے نکلتا واضح ہے۔ لہذا بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ پرنالہ جدید جو تیجو نے مکان سندر نجار میں نکال لیا ہے معرفت محرر صفائی بند کرا دیا جاوے اور ہدایت کیجاوے کہ مثل قدیم بطرف [illegible] پانی بدر رو نکلتا رہے [illegible] نکالا جاوے جدید امر نہونا چاہیے۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر ۱۸۹۳ء

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۲) صاحب گذرنے عرضی سندر نجار بشکایت رحمو میٹ صفائی نسبت توڑ ڈالنے چبوترہ قدیمی خود۔ محمد امیر علیخانصاحب ممبر کو بغرض انکشاف حال موقع پر بھیجا گیا اور انکی رپورٹ کمیٹی میں پیش کیگئی۔	چونکہ رپورٹ امیر علیخانصاحب ممبر سے واضح ہے کہ چبوترہ سائل قدیمی ہے جدید نہیں ہے لہذا بالاتفاق ممبران کمیٹی نے تجویز کیا کہ عرضی گذار کو اجازت دیجاوے کہ چبوترہ جو قدیمی ہے بدستور قدیم تیار کرلے اور چونکہ رحمو میٹ فوت ہو گیا لہذا اسکی نسبت مواخذہ نکیا جاوے۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر ۱۸۹۳ء

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۲۳ دسمبر ۱۸۹۳ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو اور اصل بنابر تعمیل واپس۔

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ ٹانڈہ منعقدہ ۹ دسمبر ۱۸۹۳ء

منشی احمد خان صاحب صدر نشین کمیٹی

منشی علی حسین نائب تحصیل سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکاء جلسہ

ملازمین

(۱) حکیم شرافت علی صاحب ممبر

(۲) منشی محمد رفیع محرر صفائی۔

غیر ملازمین

(۱) مولوی ارشاد حسین وکیل ممبر

(۲) حاجی نادر شاہ صاحب ممبر

(۳) لالہ سپاہی لال ممبر

(۴) پنڈت گنگا رام صاحب ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
(۱) نوٹ محرر صفائی - چار چاہ سڑکو پر ایسے ہین کہ جنکے بہاؤ کے پانی سے راستہ نہایت خراب ہوتا ہے اور تعفن پیدا ہوتا ہے اونکے چہبچہ تیار ہونا چاہئے ہین۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اول محرر صفائی بموجب ممبران حلقہ فہرست مرمت چاہ کی مرتب کرکے کمیٹی آئندہ مین پیش کرین - صاحب صدر نشین نے بہی منظور کیا۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر ۱۸۹۳ء

(۲) نوٹ محرر صفائی - چہوٹے حلوائی کی دوکان کے سامنے متصل سڑک پختہ لکڑی وغیرہ پڑی رہتی ہے اور نامبردہ نے اوس زمین کو اپنے استعمال مین کر لیا ہے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو حدود چبوترہ دوکانات قائم ہو چکی ہین نامبردہ اوس حد تک اپنے تصرف مین رکھے محرر صفائی برائے آئندہ حلوائی مذکور کے نسبت تصرف بیجا لیکر صاحب صدر نشین کے روبرو پیش کرین - صاحب صدر نشین نے بہی منظور کیا۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر ۱۸۹۳ء

(۳) نوٹ صاحب صدر نشین - آج منشی قصبہ کی گشت کے معائنے سے دریافت ہوا کہ حالت صفائی اچھی نہیں ہے کہ جس سے اندیشہ پیدائش امراض ہے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی پر ایکمرتبہ تاکید کیجاوے اور ممبران حلقہ بھی گشت کر کے اپنے اپنے حلقہ کی صفائی اچھی ہونے کی بابت تاکید کریں - صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر سنہ ۹۳ء

(۴) نوٹ محرر صفائی - سالگذشتہ میں نسبت پاٹنے اوپلون کے یہ حکم ہو چکا ہے کہ کوئی شخص بیرون دروازہ مکان یا پشتہ دیوار لب سڑک پر اوپلے نہ پاتھے - لیکن ہنوز حکم بالا کی سکنہ تاندہ تعمیل نہیں کرتے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی اول آواز ڈہل منادی کرادیں اگر اسپر بھی باز نہ آدیں تو محرر صفائی رپورٹ پیش کریں - اور چونکہ ایام دورہ حکام عالیمقام ہے محرر صفائی و ممبران کمیٹی نوٹ ہذا کی جانب توجہ کریں - صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور کیا۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر سنہ ۹۳ء

(۵) نوٹ محرر صفائی - خوشحال زرگر کا چھپچہ پختہ ہے اوس نے شرارت سے چھپچہ پاٹ دیا ہے اور پانی اوسکا راستہ میں بہتا ہے جس سے آمدورفت میں تکلیف ہے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ محرر صفائی خوشحال زرگر کو بذریعہ رپورٹ روبرو صاحب صدر نشین پیش کریں۔

ملاحظہ شد ۲۳ دسمبر سنہ ۹۳ء

(۶) نوٹ محرر صفائی - متصل مکان حکیم الدین کے جو راستہ ہے اوسکے پشتہ دونوں جانب سے ایسے بڑھ گئے ہیں کہ راستہ تنگ ہو گیا ہے اور آمدورفت کا نوبین تکلیف ہے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ممبر حلقہ ایسے پشتہ کا بہمراہی محرر صفائی معائنہ کر کے مع مالکان پشتہ کے صاحب صدر نشین کمیٹی کے روبرو پیش کریں صاحب صدر نشین نے بھی منظور کیا۔

نتیجہ اوس سے اجلاس کو بھی مطلع کیا جائے - ۲۳ دسمبر سنہ ۹۳ء

(۷) نوٹ محرر صفائی سڑک پختہ ملیح تال پر جو بازار ہفتہ میں دو مرتبہ ہوتا ہے اوسمیں بوجہ آمدورفت سڑک پر اسقدر کشاکشی ہوتی ہے جس سے

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ منجانب [illegible] ساتھ تیار ہوئی ہیں بیری پختہ کے قریب [illegible]

اندیشہ مضرت انسان ہے۔

اندر حدود چنگی کوئی دکاندار اپنی دکان پر کے محرر صفائی نگرانی رکھیں اور بذریعہ رپورٹ علیحدہ بحضور جناب صاحب جوڈیشل ممبر بہادر نسبت تیاری بازار جدید گزارش کیا جاوی صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا۔

ملاحظہ شد ۲۳ ستمبر ۱۸۹۳ء

---

(۸) نوٹ محرر صفائی گھورہ مین باغبان تنازعہ کرتے ہین اور کہتے ہین کہ وہ ہمارا ہی خاکروبان کو نہیں دیوینگے۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جو گھورہ ٹھکانہ دار خاکروبان اندرون آبادی کے جای مقررہ پر جمع کرین اوسمین ہی حسب منشاء حکم صاحب جج جوڈیشل ممبر بہادر وقت تقسیم ایک حصہ خاکروبان ٹھکانہ دار کو ملے اور تین ثلث باغبان کو حصہ رسدی ملے اور جو گھورہ خود باغبان جمع کرین اوسمین ٹھکانہ دار خاکروبان کا کوئی حق نہیں ہی محرر صفائی تعمیل کرین صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا۔ اور یہ فرمایا کہ جو گھورہ بورہ الا ملازمان صفائی سڑکون اور کوچون ہی جمع کرین اوسمین کوئی حق باغبان نہین ہی وہ متعلق صفائی ہی سرکار اوسکی مالک ہی اوسکا نیلام ہونا چاہیے اور زر نیلام بحق سرکار سیاہہ ہونا چاہیے۔

اسکے متعلق رپورٹ مفصل آنا چاہیے مع کاغذات متعلقہ ۲۳ ستمبر ۱۸۹۳ء

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء لغایت یکم جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

پرگنہ	تفصیل پیدائش — مرد — مسلمان	مرد — ہندو	عورت — مسلمان	عورت — ہندو	میزان	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل فوتی — ایک سال سے ۵ سال تک — مرد	ایک سال سے ۵ سال تک — عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک — مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک — عورت	۱۳ سال سے زیادہ — مرد	۱۳ سال سے زیادہ — عورت	میزان — مرد	میزان — عورت	تفصیل مذہب — مسلمان	تفصیل مذہب — ہندو	تفصیل امراض	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۳۶	۶	۱۳	۵	۶۰	۴۹	۱۱	۶	۶	.	.	۷	۹	۱۳	۱۵	۲۱	۷	.	.	۳	۲۵	۲۸	. .
شاہ آباد	۵	۱۰	۴	۱۹	۳۸	۹	۳۳	۱	۲	۱	۱	۶	۶	۸	۹	۷	۱۰	.	.	۱۲	۵	۱۴	.
ملک	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
سوار	۲	.	.	۱	۳	۲	۱	۲	۳	.	.	۶	۵	۸	۷	۷	۸	.	.	.	۱۵	۱۵	.
بلاسپور	۱	۹	۲	۲	۱۴	۳	۱۱	.	.	۲	.	۸	۵	۱۰	۵	۶	۸	۶	.	.	۱۵	۱۵	.
ٹانڈہ	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	.	نقشہ نہیں آیا
میزان	۴۴	۳۰	۱۹	۲۷	۱۲۰	۶۳	۵۷	۹	۱۰	۳	۱	۲۸	۲۵	۳۹	۳۶	۴۲	۴۳	.	.	۱۵	۶۰	۷۵	.

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۲۶ دسمبر سنہ ۱۸۹۳ء لغایت یکم جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

نام جنس	شہر رامپور	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	.	۱۴ ار	.	.	[illegible]	.	شہر رامپور و تحصیلات ملک سوار و ٹانڈہ کے نقشے نہیں آئے۔
نخود خاص	.	۲۰ ار	.	.	۲۰ ار	.	
نخود کسر آمیز	.	۲۲ ار	.	.	۲۵ ار	.	.
[illegible]	.	.	.	.	.	.	. .
ماش	.	۲۰ ار	.	.	۲ ار	.	.
مونگ	. .	۲۰ ار	.	.	۱۵ ار	.	.
مکا	.	۲۵ ار	.	.	۲۶ ار	.	.
[illegible]	.	.	.	.	.	.	.
[illegible]	.	.	.	.	۲۲ ار	.	.
[illegible]	.	.	.	.	۲۷ ار	.	.
[illegible]	.	.	.	.	۲۰ ار	.	.
برنج	.	۱۳ ار	.	.	۱۳ ار	.	.
روغن زرد	.	[illegible]	.	.	۱۱ ار	.	.
روغن سیاہ	.	[illegible]	.	.	[illegible]	.	.
روغن کنجد	.	۷ ار	.	.	..	.	. .
نمک سانبھر	.	۶ ار	.	.	.	.	.
نمک لاہوری	.	.	.	.	. .	.	.
قند سیاہ	.	۱۳ ار	.	.	۲ ار	.	.

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور